کچھ عجب حسن میں دعوة کي جواني ديکھي
اور احسان میں دولة کي جواني ديکھي
تیرے ير گلشن دعوة کي کلي اور گل پر
سينکڑو رنگ میں بهجة کي جواني ديکھي
صبح دم گرتي هے شبنم جو گلون پر بن کر
موتي جس اب میں قيمة کي جواني ديکھي
عرش دعوة په تجلي هوئي جب سے تيري
کچھ عجب زور میں همة کي جواني ديکھي
مرگئے مٹ گئے فرعون سے اعداء سارے
جب تيري حيدري قوة کي جواني ديکھي
سب غلامو میں تيرا ايك يماني کمتر
اس په هر ان تيري نظرة کي جواني ديکھي